
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • ٹیچر8-6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی کیسی لگی اور کیوں۔ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع ملے۔ یہ بھی پوچھیں کہ نادر اور تیمور نے اپنی بلیوں کے نام جم اور کشمش کیوں رکھے تھے۔ بچے جو بھی وجہ بتائیں اس پر انکی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| 5 منٹ | • اب بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کون کون بلی، چڑیا یا کوئی اور جانور پالتا ہے۔ جو بچے جانور یا پرندے پالتے ہیں ان سے پوچھیں کہ وہ انہیں کھانے میں کیا دیتے ہیں۔ بلی کو دودھ، کتے کو گوشت اور ہڈی، چڑیا کو دانہ وغیرہ۔ بچوں سے پوچھیں کہ اور کون کون سے جانور پالے جا سکتے ہیں۔ خرگوش، بکریاں، مرغیاں، کبوتر، طوطے وغیرہ۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے بات چیت کریں کہ جانوروں اور پودوں سے محبت کرنا اور ان کا خیال رکھنا کیوں اچھی بات ہے اور ضروری ہے۔ یہ بھی پوچھیں کہ نادر اور تیمور کی امی کو جانوروں اور پودوں سے محبت تو ضرور ہوگی مگر وہ جم اور کشمش کو گھر میں لانے سے منع کیوں کررہی تھیں۔ جانوروں کا خیال رکھنے میں محنت ہوتی ہے۔ ان کی صفائی کا خیال رکھنا ہوتا ہے۔ کبھی کبھی جانوروں سے allergy اور دوسری بیماریاں بھی ہو جاتی ہیں۔ |
| 10 منٹ | • بچے اپنی کوپی میں پالتو جانوروں کی فہرست بنائیں۔ |

## گھر کا کام

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • 15 - 10 جملوں پر مشتمل امی یا ابو کا interview کریں۔ ان سے پوچھیں انہیں گھر میں جانور رکھنا پسند ہے یا نہیں۔ اگر پسند ہے اور گھر پر کوئی پالتو جانور یا پرندہ پلا ہوا ہے تو اس کی دیکھ بھال کیسے کی جاتی ہے۔ اگر پالتو جانور رکھنا پسند نہیں ہے تو اس کی کیا وجہ ہے۔ |

# سیشن 2

15 منٹ

- جو بچے interview کر کے لائے ہیں۔ وہ باری باری اپنا لیا ہوا interview پڑھ کر سنائیں۔ ٹیچر ان کی تعریف کریں اور جہاں جہاں تلفظ یا گرامر کو صحیح کرنا ہو وہاں شفقت سے بچوں کو بتائیں۔ تقریباً 10 - 8 بچوں کو اپنا کام پڑھنے کا موقع دیں۔ جو بچے اپنا کام کر کے نہ لائے ہوں ان کو تاکید کریں کہ وہ آئندہ کام کر کے ضرور لائیں۔

15 منٹ

- بورڈ پر نیچے دیے گئے الفاظ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ جو لفظ مذکر ہیں ان کو مذکر کے کولم میں لکھ کر ان کی مونث لکھیں۔ جو مونث ہیں اس کو مونث کے کولم میں لکھ کر ان کی مذکر لکھیں۔

| مذکر | مونث |
| --- | --- |
| ابو | امی |
| بلا | بلی |
| لڑکا | لڑکی |

| مذکر | مونث |
| --- | --- |
| اسکول | اسکول |
| گندا | گندی |
| بیٹا | بیٹی |

10 منٹ

- بچے جب یہ کام کر لیں تو ہر بچہ اپنی شیٹ یا کوپی ساتھ والے طالب علم کو دے۔ اس طرح وہ ایک دوسرے کا کام چیک کریں اور نمبر دیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- امی کی مدد سے اخبار میں سے تلاش گمشدہ کے اشتہار پڑھ کر آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن میں بچوں سے ڈرونگ کا کام کروایا جائے گا۔ لہذا ٹیچر پہلے سے ہر بچے کے لئے علیحدہ علیحدہ کاغذ‘ clipboard‘ رنگین پینسل یا crayon کے ڈبوں‘ سادہ کاغذ کا انتظام کریں۔

# سیشن 3

30 منٹ
- ہر بچے کو الگ الگ سادہ کاغذ دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ جم اور کشمش کے کھوجانے کے بارے میں ایک اشتہار بنائیں اس میں جم اور کشمش کی تصویر بنائیں۔ ان کے بارے میں معلومات دیں۔ جم اور کشمش کون ہیں وہ کیسے نظر آتے ہیں۔ وہ کب اور کہاں سے غائب ہوئے۔ ان کو ڈھونڈ کر لانے والے کے لئے انعام کا بھی اعلان کریں۔

15 منٹ
- یہ کام جب ہو جائے تو ان بچوں کو جن کو پہلے بولنے کا موقع نہیں ملا ہے ان کو سامنے بلا کر کہیں کہ وہ اپنے بنائے ہوئے اشتہار کے بارے میں بات کریں۔

# سیشن 4

15 منٹ
- کل کے سیشن میں بنائے گئے اشتہارات کو اسکول میں کسی جگہ ڈسپلے کریں۔

25 منٹ
- بچوں کی مدد سے کتاب سے ایسے الفاظ جن کی وہ انگریزی ترجمہ جاننا چاہتے ہو بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں اتاریں۔ اردو الفاظ کے جملے بنائیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے

| English | اردو |
|---|---|
| month | مہینہ |
| year | سال |
| fish | مچھلی |
| table | میز |
| mew | میاؤں |

| Englsih | اردو |
|---|---|
| doors | دروازے |
| bags | بستے |
| cats | بلیاں |
| clothes | کپڑے |
| sounds | آوازیں |

## گھر کا کام

5 منٹ
- کتاب غور سے پڑھیں اور dictation کی تیاری کریں۔

# سیشن 5

20 منٹ

- بچوں سے کوپیاں کھولنے کو کہیں۔ پھر کتاب کے صفحہ نمبر 3-4 کا dictation کروائیں۔ جب dictation ختم ہو جائے تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے کو غور سے پڑھیں اور اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اس کو خود صحیح کریں۔ بچے اپنی کتابیں کھولیں اور ان صفحات پر دیے گئے ٹیکسٹ کو دیکھ کر اپنے املا کی خود چیکنگ کریں اور نمبر دیں۔

25 منٹ

- بورڈ پر دو کولم بنائیں ایک میں واحد اور دوسرے میں جمع لکھیں۔ کتاب سے چن کر واحد الفاظ واحد کے کولم میں لکھیں اور جمع الفاظ جمع کے کولم میں۔ بچوں کے ساتھ مل کر واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیں۔ بچے انہیں اپنی کوپی میں اتارلیں۔ ممکنہ فہرست نیچے دی گئی ہے۔

- بچے پانچ جملے بنائیں جس میں واحد اور جمع دونوں کا استعمال ہو۔ واحد اور جمع کے نیچے لائن بنائیں۔ مثلاً
  - میرے پاس ایک بلی ہے اور میرے دوست کے پاس دو بلیاں ہیں۔
  - علی نے ایک روٹی کھائی اور دو روٹیاں اس نے اپنے کتے کو کھلائیں۔
  - باغ درختوں سے بھرا ہے وہاں پر نیم کا بھی ایک درخت ہے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| بلی | بلیاں |
| مہینہ | مہینے |
| بستہ | بستے |
| صوفہ | صوفے |
| کپڑا | کپڑے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| دروازہ | دروازے |
| میز | میزیں |
| روٹی | روٹیاں |
| آواز | آوازیں |
| درخت | درختوں |

# جم اور کشمش کہاں گئے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk